© rasailojaraid.com

جماعت اسلامی کا تیسرا اجتماع عام بمقام پٹنہ

بتاریخ ۱۱، ۱۲، ۱۳ جمادی الاول ۱۳۶۲ھ مطابق ۱۸، ۱۹، ۲۰ اپریل ۱۹۴۳ء

حسب اعلان سابق جماعت اسلامی کا تیسرا اجتماع عام مندرجہ عنوان تاریخوں میں پٹنہ صوبہ بہار میں منعقد ہوگا۔

(۱) صوبہ مشرقی ہند (یعنی یوپی، بہار، اڑیسہ، بنگال اور آسام) کے تمام ارکان جماعت کے لیے شرکت اجتماع لازم ہے الا یہ کہ کوئی عذر شرعی مانع ہو۔

بقیہ حلقوں سے قیم صاحبان مقامی جماعتوں کے امیر اور اگر ایک مقام پر دس یا دس سے زائد ارکان موجود ہوں وہاں کے مقامی امیر کے علاوہ دس ارکان میں سے ایک منتخب نمائندے کو شریک اجتماع ہونا چاہیے۔ دیگر ارکان کے لیے حاضری ضروری نہیں ہے۔ ارکان کے سوا دوسرے حضرات کے لیے کوئی پابندی نہیں۔

(۲) جو لوگ اجتماع میں شرکت کا ارادہ رکھتے ہوں خواہ ہمدرد ہوں یا ارکان ان کو چاہیے کہ ۲۰ مارچ سنہ ۴۳ء تک سید محمد حسین صاحب (دفتر جماعت اسلامی سلطان گنج، مندر، پٹنہ) کو اپنے ارادے کی اطلاع کر دیں اور اگر کسی گروہ یا جماعت کی طرف سے اطلاع دے رہے ہوں تو ممبروں کی ٹھیک ٹھیک تعداد لکھیں جس میں بعد کو کسی قسم کا ردوبدل نہ ہو۔

(۳) خواتین بھی اس اجتماع میں شریک ہو سکتی ہیں۔ اگرچہ ان کی شرکت لازم نہیں ہے۔ جو خواتین شریک ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں ان کو بھی ہدایت مندرجہ بالا کے مطابق اپنے ارادے کی اطلاع دینی چاہیے۔

(۴) شرکاء اجتماع کو ۱۲ اپریل کی صبح تک بہاں مقام اجتماع پر پہنچ جانا چاہیے تاکہ اجتماع کے پہلے اجلاس سے شریک ہو سکیں۔

(۵) ارکان مجلس شوریٰ ۱۰ اپریل کی شام تک پٹنہ پہنچ جائیں تاکہ اجتماع سے پہلے مشاورت کر لیا جائے۔

(۶) راشن کی مشکلات کے پیش نظر تمام شرکاء اجتماع دو وقت کا کھانا یا چاول وغیرہ ایک پاؤ شرکاء ایام اجتماع کے لیے ساتھ لے کر آئیں۔ سب احباب کو حتی الامکان بستر کے لیے بھی انتظام کر لینا چاہیے۔

(۷) اگرچہ اپریل کے شروع میں بہار میں گرمی شروع ہو جاتی ہے لیکن بستر میں کمبل یا موٹا کپڑا ضرور لے آنا چاہیے۔

تنبیہ:- تمام شرکاء اجتماع سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ دوران اجتماع میں ارکان جماعت کی طرح ضوابط جماعت کے پابند رہیں گے اور اجتماع کے وقار و سنجیدگی اور اس کی دینی فضا کو ہر لحاظ سے قائم رکھنے میں پورا تعاون فرمائیں گے۔ سفر کے دوران میں بھی حتی الامکان اسلامی اخلاق کی پابندی اور اپنے مسلک کی صحیح نمائندگی کی کوشش کی جائے۔

خاکسار طفیل محمد قیم جماعت اسلامی، دارالاسلام، پٹھان کوٹ

© rasailojaraid.com